# SCHOOL BASED ASSESSMENT 2022
# GRADE 8 URDU
## PART – A (Objective Type)

**Model Paper**

**Part-A: 48 Marks, Part-B: 52 Marks, Total: 100 Marks**

| | | | |
|---|---|---|---|
| **School Name (سکول کا نام)** | | | |
| **Student Name (طالب علم کا نام)** | | **Roll No** | |
| **Section** | | **Date** | |

## General Instructions (عمومی ہدایات)

1) ماسک پہنیں اور آپس میں کم از کم 3 فٹ کا فاصلہ رکھیں۔

2) غور سے پڑھیں اور ہر سوال کا جواب دیں۔

3) ہر کثیر الانتخابی سوال کے صحیح جواب پر دائرہ لگائیں جیسا کہ مثال میں دکھایا گیا ہے۔

مثال: چیچڑ کی وجہ سے پھیلنے والی بیماری ہے:

a) پولیو b) خسرہ c) ڈینگی d) کانگو

4) اگر کسی سوال میں ایک سے زیادہ جوابات کے گرد دائرہ لگایا گیا تو کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

| Total Marks: 48 | Part – A (Multiple Choice Questions) | Total Time: 1 Hour 15 Minutes |
|---|---|---|

**Instructions: Thirty-two (32) Multiple Choice Questions (MCQs) are given in this part. Each question carries 1.5 marks**.

**ہدایات: اس حصہ میں بتیس (32) کثیر الانتخابی سوالات دیے گئے ہیں۔ ہر سوال کے 1.5 نمبر ہیں۔**

Result.pk

سوال نمبر 1۔ "وہ خط لکھتا ہے" سے بننے والا فعل مجہول کا جملہ ہے:

a) خط لکھتا ہے۔ b) خط لکھا گیا۔ c) خط لکھا جاتا ہے۔ d) خط لکھا تھا۔

سوال نمبر 2۔ تجنیس معنوی کے لحاظ سے درست جملہ ہے:

a) اُس نے گیت گائے اور گائے کو چارا ڈالا۔ b) وہ گیت گاتے گاتے تھک گیا۔

c) وہ پڑھتے پڑھتے سو گیا۔ d) وہ بولتے بولتے چُپ ہو گیا۔

سوال نمبر 3۔ جس چیز سے زیادہ رغبت ہو اسے کہتے ہیں:

a) راغب b) مرغوب c) غروب d) ترغیب

سوال نمبر 4۔ محاورہ "آب آب ہونا" کے درست استعمال والا جملہ ہے:

a) بارش برسی تو صحن آب آب ہو گیا۔ b) رکا بند ٹوٹا تو کھیت آب آب ہو گئے۔

c) اکرم کی چوری پکڑی گئی تو وہ مارے شرم کے آب آب ہو گیا۔ d) سیلاب آنے سے کھیل کا میدان آب آب ہو گیا۔

سوال نمبر 5۔ الفاظ کی درست ردیف وار ترتیب ہے:

a) لکڑی، یکہ، ہلکا، اخوت b) اخوت، ہلکا، یکہ، لکڑی c) یکہ، لکڑی، اخوت، ہلکا d) لکڑی، اخوت، یکہ، ہلکا

سوال نمبر 6۔ "باز" لاحقہ کی مدد سے بننے والے درست الفاظ ہیں:

a) وقت، ہوا b) خلا، فضا c) دغا، چال d) باغ، صدا

سوال نمبر 7۔ "بد" سابقہ کی مدد سے بننے والے درست الفاظ ہیں:

a) اخلاق، لباس، احترام    b) اداغ، کام، گمان    c) احسان، صورت، دولت    d) اخلاق، صورت، حواس

سوال نمبر 8۔ "روز مرہ" کے درست استعمال والا جملہ ہے:

a) کومل اور زینیہ کی ذہانت میں انیس بیس کا فرق ہے۔    b) کومل اور زینیہ کی زہانت میں اٹھارہ بیس کا فرق ہے۔

c) کومل اور زینیہ کی ذہانت میں اٹھارہ انیس کا فرق ہے۔    d) کومل اور زینیہ کی زہانت میں سترہ انیس کا فرق ہے۔

سوال نمبر 9۔ جب کوئی خالی باتوں سے کام لے اور عمل نہ کرے تو ضرب الامثل صادق آتی ہے:

a) مدعی چُست گواہ سُست    b) نام بڑا اور درشن چھوٹے    c) یار زندہ صحبت باقی    d) لڈو کہنے سے مُنہ میٹھا نہیں ہوتا

سوال نمبر 10۔ "نظم سنائی جاتی ہے" سے بننے والا فعل معروف کا جملہ ہے:

a) حنا نظم سنائے گی۔    b) حنا نظم سناتی ہے۔    c) حنا نظم سُنا رہی ہے۔    d) حنا نظم سناتی تھی۔

سوال نمبر 11۔ درست کہاوت کے استعمال والا جملہ ہے:

a) بے وقوف کو سمجھانا تو ایسے ہی ہے جیسے بھینس کے آگے بین بجانا۔    b) بے وقوف کو سمجھانا تو ایسے ہی ہے جیسے ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا۔

c) بے وقوف کو سمجھانا تو ایسے ہی ہے جیسے نیکی کر دریا میں ڈال۔    d) بے وقوف کو سمجھانا تو ایسے ہی ہے جیسے یہ منہ اور مسور کی دال۔

سوال نمبر 12۔ سُننے والے کہلاتے ہیں:

a) ناظرین    b) سامعین    c) حاضرین    d) قارئین

مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات پر دائرہ لگائیں۔

گزارش ہے کہ میں جماعت ششم کا طالب علم ہوں۔ ہم چھ بہن بھائی ہیں۔ میرے والد ایک غریب آدمی ہیں اور محنت مزدوری کر کے ہم بہن بھائیوں کا پیٹ پالتے ہیں۔ ہمارا گزر بسر بڑی مشکل سے ہوتا ہے میرے تمام بہن بھائی مختلف سکولوں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ مجھے بھی تعلیم حاصل کرنے کا بہت شوق ہے مگر غربت کی وجہ سے میں فیس ادا نہیں کر سکتا۔ مہربانی فرما کر میری فیس معاف فرمادیں تاکہ میں اپنی تعلیم کا سلسلہ برقرار رکھ سکوں۔ آپ کی نوازش ہو گی۔

Result.pk

سوال نمبر 13۔ درخواست گزار ہے:

a) چوکیدار    b) استاد    c) طالب علم    d) پرنسپل

سوال نمبر 14۔ درخواست لکھی گئی ہے:

a) پرنسپل کو    b) انچارج کو    c) سیکیورٹی گارڈ کو    d) مانیٹر کو

سوال نمبر 15۔ درخواست گزار فیس معاف کروانا چاہتا ہے:

a) تعلیم کے حصول کے لئے    b) کھیلنے کے لئے    c) بہن بھائیوں کے لئے    d) سکول کی بہتری کے لئے

سوال نمبر 16۔ درخواست گزار کا تعلق ہے:

a) زمیندار سے    b) سے غریب    c) مالدار سے    d) سیاسی سے

سوال نمبر 17۔ درخواست گزار کے والد کام کرتے ہیں:

a) کاروبار    b) سرکاری ملازم    c) محنت مزدوری    d) سکول ٹیچر

مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات پر دائرہ لگائیں۔

6 ستمبر 1965 کی اندھیری رات میں ہندوستان نے پاکستان پر حملہ کر دیا۔ لیکن پاکستان کی بہادر اور جری افواج نے دشمن کے چھکے چھڑا دیئے۔ 23 ستمبر تک جاری رہنے والی جنگ میں ہندوستان کا جنگی جنون سرد پڑ گیا اور اس نے اقوام متحدہ میں فوری جنگ بندی کی درخواست پیش کر دی۔ جو کہ ایک بین الاقوامی ادارہ ہے۔ یوم دفاع

پاکستانی فوج کے اس کارنامے کی یاد تازہ کرنے کے لئے منایا جاتا ہے۔یوم دفاع کی ایک اہم تقریب ہر سال لاہور کے فورٹریس سٹیڈیم میں منعقد کی جاتی ہے۔ہمارے سکول کی ایک جماعت ہر سال اس تقریب کو دیکھنے کے لئے بھجوائی جاتی ہے۔امسال ہماری جماعت کی باری تھی۔

سوال نمبر18۔اقوام متحدہ ایک ادارہ ہے:

a)بین الاقوامی　　b)علاقائی　　c)صوبائی　　d)قومی

سوال نمبر19۔عبارت میں موجود درست محاورہ ہے:

a)چھکے چھڑانا　　b)جنگ کرنا　　c)مر جانا　　d)جاری رہنا

سوال نمبر20۔عبارت میں موجود درست روزمرہ ہے:

a)یخ پڑ گیا　　b)گرم پڑ گیا　　c)ٹھنڈا پڑ گیا　　d)سرد پڑ گیا

سوال نمبر21۔یوم دفاع کی تقریب منائی جاتی ہے:

a)5سال بعد　　b)1سال بعد　　c)4سال بعد　　d)2 سال بعد

سوال نمبر22۔"امسال" سے مراد ہے:

a)پچھلا سال　　b)تیسرا سال　　c)اس سال　　d)اگلا سال

درج ذیل عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات پر دائرہ لگائیں۔

اگر کرۂ ارض سے پانی ختم ہو جائے تو زندگی کا تصور بھی باقی نہ رہے۔یہ اللہ کا ہم پر خاص انعام ہے کہ ہماری زمین کا تین چوتھائی حصہ پانی پر مشتمل ہے۔آبادی میں مسلسل اضافے کی وجہ سے قابل استعمال پانی بھی خراب ہوتا جا رہا ہے۔آبی آلودگی کی وجہ سے کئی امراض پھوٹ رہے ہیں جو انسانی صحت کے لیے انتہائی خطرناک ثابت ہوتے ہیں۔اس پانی کے استعمال سے قے آنا اور دست لگنا جیسے امراض میں اضافہ ہو رہا ہے۔ہمارے ماحول میں موجود ٹریفک،لاؤڈ سپیکر،موسیقی اور کارخانوں میں مشینوں کا شور بھی ہمارے کانوں کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ماحول آلودہ ہونے کی وجہ سے ہمارے دل،جگر،معدہ اور بلڈ پریشر کے امراض بے قابو ہوتے جا رہے ہیں۔

Result.pk

سوال23۔انسان کی بنیادی ضرورت ہے:

a)پانی　　b)مٹھائی　　c)پھل　　d)شربت

سوال24۔آبادی بڑھ جانے سے پانی ہو رہا ہے:

a)آلودہ　　b)گدلا　　c)کھارا　　d)کڑوا

سوال25۔آلودہ پانی کے استعمال سے سب سے پہلے نقصان پہنچتا ہے:

a)معدہ کو　　b)دل کو　　c)جگر کو　　d)گردوں کو

سوال26۔ہماری قوت سماعت کو متاثر کرنے والی آلودگی ہے۔

a)فضائی آلودگی　　b)آبی آلودگی　　c)شور کی آلودگی　　d)زمینی آلودگی

سوال27۔درج بالا عبارت کا مناسب عنوان ہے:

a)پانی　　b)آلودگی　　c)آبادی　　d)ماحول

درج ذیل عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات پر دائرہ لگائیں۔

السلام علیکم!امید ہے آپ خیریت سے ہوں گی۔ہمارا سکول آج کل صبح 8 بجے کھلتا ہے اور 2 بجے بند ہوتا ہے۔مجھے گھر آتے آتے 3 بج جاتے ہیں۔میں گھر آ کر پہلے کھانا کھاتا ہوں،پھر تھوڑا سا آرام کرتا ہوں۔تقریباً پانچ بجے اُٹھتا ہوں اور۔پہلے عصر کی نماز ادا کرتا ہوں۔پھر ہوم ورک کرنے کے لیے سٹڈی روم میں بیٹھ جاتا ہوں۔سکول سے جو کام ملتا ہے اسے کر لیتا ہوں۔اس کام میں مجھے کم و بیش ایک گھنٹہ لگ جاتا ہے۔چھ بجے کے قریب قریبی گراؤنڈ میں چلا جاتا ہوں۔اپنے دوستوں کے ساتھ مل کر

فٹ بال کھیلتا ہوں۔شام کے بعد گھر آتا ہوں اور اپنا بستہ لے کر بیٹھ جاتا ہوں۔یاد کرنے کے لیے جو کام سکول سے ملتا ہے اسے یاد کر لیتا ہوں۔اس کے بعد شام کا کھانا کھاتا ہوں۔کھانا کھا کر تھوڑی دیر ٹی۔وی دیکھتا ہوں۔عشاء کی نماز کی ادائیگی کے بعد سو جاتا ہوں۔

والسلام

سوال28۔مندرجہ بالا عبارت ہے:

a)خط کی　　b)درخواست کی　　c)دعوت نامہ کی　　d)تقریب کی

سوال29۔بھائی نے خط لکھا ہے:

a)بھائی کو　　b)بہن کو　　c)والد کو　　d)والدہ کو

سوال30۔"کم و بیش" سے مراد ہے:

a)تھوڑا بہت　　b)بہت تھوڑا　　c)بہت زیادہ　　d)بہت کم

سوال31۔وہ شام کے وقت مصروف ہو جاتا ہے:

a)کھیلنے میں　　b)پڑھنے میں　　c)لکھنے میں　　d)کارٹون دیکھنے میں

سوال32۔درج بالا عبارت کے مطابق سکول کا دورانیہ ہے:

a)چار گھنٹے　　b)پانچ گھنٹے　　c)چھے گھنٹے　　d)سات گھنٹے

Result.pk